**10-05-2024**
**21.15 Hrs**
**HL**
**آداب**
**یہ آکاشوانی ہے**
**خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین**

* لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے لیے مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما ایک کے بعد ایک ریلیاں کر رہے ہیں۔ اس مرحلے کے لیے انتخابی مہم کل ختم ہو جائے گی۔
* الیکشن کمیشن نے ووٹروں کے ذریعے ڈالے گئے ووٹوں کا فیصد جاری کرنے میں تاخیر سے متعلق کانگریس صدر ملکاارجن کھڑگے کے الزامات کو مسترد کر دیا ہے۔
* چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک تصادم میں 12 ماؤنواز مارے گئے ہیں۔
* سپریم کورٹ نے آبکاری پالیسی کیس میں دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کو عبوری ضمانت دی ہے۔
* ٹیلی کام محکمے نے سروس فراہم کرنے والی کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سائبر جرائم میں ملوث 28 ہزار سے زیادہ موبائل ہینڈ سیٹ پر پابندی عائد کر دے۔
* اور آئی پی ایل کرکٹ میں، احمد آباد میں، گجرات ٹائٹنس اور چنئی سپر کنگز کے درمیان میچ جاری ہے۔

**اب خبریں تفصیل سے**

## Campaining

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کے لیے انتخابی مہم مزید تیز ہو گئی ہے۔ مہم ختم ہونے میں اب صرف ایک دن بچا ہے۔ اِس مرحلے میں پیر کو ووٹنگ ہوگی۔

وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے آج کہا کہ حالیہ انتخابات ملک کے مستقبل کے لیے ہے اور تلنگانہ کے عوام سے اپیل کی کہ وہ پارلیمنٹ میں BJP کی نمائندگی بڑھائیں۔ تلنگانہ میں محبوب نگر لوک سبھا حلقے کے Narayanpet کے مقام پر ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ مودی کی گارنٹی ہر حال میں نافذ ہوگی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس اور BRS دونوں ہی بدعنوان پارٹی ہیں اور کانگریس عوام کے ساتھ کیے گئے اپنے وعدے پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔

انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس لوگوں کو بانٹنے اور مذہب کی بنیاد پر اقلیتوں کو ریزرویشن دینے کی کوشش کر رہی ہے۔

S/B - 2100 - PM

سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ نے آج Khunti کے کچھاڑی گراؤنڈ پر پارٹی امیدوار اور کابینی وزیر ارجن منڈا کی حمایت میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ انہوں نے انڈی الائنس کی یہ کہتے ہوئے سخت نکتہ چینی کی کہ یہ موقع پرست اتحاد قبائلیوں کی فلاح و بہبود کے لیے کچھ نہیں کرے گا۔

S/B - 2100 - Amit Shah

جناب شاہ نے پارٹی کے لوک سبھا امیدوار جگناتھ سرکار کی حمایت میں رانا گھاٹ میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کیا۔

انہوں نے الزام لگایا کہ ترنمول کانگریس ووٹ بینک کے لیے بنگلہ دیش کے درآندازوں کی حمایت کر رہی ہے۔ انہوں نے TMC سربراہ ممتا بینرجی پر الزام لگایا کہ وہ شہریت ترمیمی قانون کے نام پر عام لوگوں کو بھڑکا رہی ہے۔

اتر پردیش میں آج اہم رہنماؤں نے انتخابی مہم میں حصہ لیا۔ انتخابی مہم کے دوران پہلی مرتبہ سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو اور کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے مشترکہ طور پر سیاسی ریلیوں سے خطاب کیا۔ کنوج میں دونوں رہنماؤں نے BJP کی نکتہ چینی کی۔ اکھلیش یادو نے کہا کہ BJP آئین کو بدلنا چاہتی ہے۔

S/B - 2100 - Akhilesh On Samvidhan

کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے اپنے خطاب میں BJP کی نکتہ چینی کی اور کہا کہ کانگریس پارٹی اُس وقت تک کسانوں کو مالی مدد دے گی جب تک کہ وہ خط افلاس سے اوپر نہ آجائیں۔ دونوں رہنماؤں نے کانپور ضلعے میں ایک اور ریلی سے خطاب کیا۔

S/B- 2100 - Rahul Gandhi

BJPکے سینئر لیڈر اور ریاست کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے گورکھپور میں ایک ریلی کے دوران سماجوادی پارٹی کی سخت نکتہ چینی کی۔ انہوں نے بہرائچ میں بھی ایک ریلی سے خطاب کیا۔×

## UP Nomination 10 May Evening

مختلف ریاستوں میں آج کئی امیدواروں نے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...........

**VC**

اترپردیش میں گورکھپور لوک سبھا حلقے سے BJP کے امیدوار روی کشن نے آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔ ان کا مقابلہ سماجوادی پارٹی کی Kajal Nishad سے ہوگا۔ اترپردیش کانگریس صدر اجے رائے نے آج وارانسی میں اپنے پرچے داخل کئے۔ وزیر اعظم نریندر مودی وارانسی سے BJP کے امیدوار ہیں۔ دیوریا سیٹ پر کانگریس کے اکھلیش پرتاپ سنگھ نے آج اپنے پرچے داخل کئے۔ اس حلقے میں ششانک منی ترپاٹھی BJP کے امیدوار ہیں۔

شمالی کولکتہ لوک سبھا سیٹ سے BJP امیدوار Tapas Roy نے آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔ ڈائمنڈ ہاربر سیٹ سے TMC امیدوار ابھیشیک بنرجی نے بھی آج اپنے پرچے داخل کئے۔ BJP کے قومی نائب صدر Baijayant Jay Panda نے آج اڈیشہ کے کیندر پاڑا سے اپنے نامزدگی کے کاغذات داخل کئے۔ سابق MLA انشومن موہنتی اِس سیٹ سے BJD کے امیدوار ہیں۔

دُمکا لوک سبھا سیٹ سے BJP کی امیدوار Sita Soren نے بھی آج اپنے پرچے داخل کئے۔ JMM نے ایم ایل اے Nalin Soren کو اِس سیٹ سے کھڑا کیا ہے۔

پنجاب میں امرتسر سے BJP کے امیدوار Taranjit Singh Sandhu، جالندھر سے کانگریس کے امیدوار چرنجیت سنگھ Channi، لدھیانہ سے BJP کے امیدوار Ravneet Singh Bittu، بھٹنڈہ سے AAP کے امیدوار گرمیت سنگھ Kuddian اور پٹیالیہ سے شیرومنی اکالی دَل کے امیدوار نریندر کمار شرما نے بھی آج اپنے نامزدگی کے کاغذات داخل کئے۔

## Begusarai LS Constituency Profile

لوک سبھا انتخابات کے اہم حلقوں کے بارے میں جانکاری فراہم کرنے کی ہماری سیریز کے تحت آج ہم آپ کے لیے بہار کے بیگوسرائے پارلیمانی حلقے پر ایک رپورٹ پیش کریں گے، جہاں چوتھے مرحلے میں 13 مئی کو دربھنگہ، سمستی پور، اُجیار پور اور مونگیر کے ساتھ ساتھ الیکشن ہوں گے۔

اِس حلقے میں تقریباً 22 لاکھ ووٹرس دس امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔
مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے۔

**VC Dharmendra Kumar Rai**

بیگوسرائے سیٹ پر اہم مقابلہ NDA اور عظیم اتحاد کے درمیان ہے۔ BJP نے موجودہ MP اور مرکزی وزیر گِری راج سنگھ کو پھر سے میدان میں اتارا ہے جبکہ عظیم اتحاد نے CPI کے اودھیش رائے کو ٹکٹ دیا ہے، جو بچھواڑا اسمبلی حلقے سے تین بار MLA رہے ہیں۔ 2019 میں گری راج سنگھ نے CPI کے امیدوار اور JNU طلبا یونین کے سابق صدر کنہیا کمار کو شکست دی تھی۔ بیگوسرائے پارلیمانی سیٹ سات اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے۔ جہاں فی الحال BJP، CPI اور RJD کے دو-دو MLA ہیں، جبکہ ایک ممبر اسمبلی JDU کا ہے۔ 2004 کے بعد کے نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ بیگواسرائے کی عوام ہر پارلیمانی انتخاب میں اپنا نمائندہ بدلتے ہیں۔
بے روزگاری اور نقل مکانی، اس حلقے کے اہم مسائل ہیں۔ BJP امیدوار برونی کھاد فیکٹری کی ہندوستان اُروَرَک اور رسائن لمیٹڈ کی شکل میں احیاء اور علاقے میں برونی ریفائنری اور NTPC پاؤر پلانٹ کی توسیع کو اپنی کامیابی کے طور پر عوام کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔
پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں آفتاب احمد۔

## EC Kharge

انتخابی کمیشن نے ووٹ دینے والے رائے دہندگان کے اعداد وشمار کے اجرا میں بدنظمی اور تاخیر سے متعلق کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کی جانب سے لگائے گئے الزام کو خارج کردیا ہے۔ کانگریس صدر کو لکھے گئے ایک خط میں کمیشن نے کہا ہے کہ یہ الزامات غیر ضروری، حقائق سے دور اور متعصبانہ ہیں اور لوگوں میں گھبراہٹ پیدا کرنے کی شعوری کوشش ہے۔ جناب ملکارجن کھڑگے نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کمیشن کی جانب سے جاری کئے گئے ووٹ دینے والے رائے دہندگان کے اعداد وشمار میں مبینہ فرق کا الزام لگایا تھا۔ انتخابی ادارے نے کہا ہے کہ ایک قومی سیاسی پارٹی کی جانب سے انتخابات کی ساکھ کو کم کرنے کی کوششوں سے متعلق غیرذمے دارانہ بیانات کا رجحان اضطراب پیدا کرتا ہے۔
اس نے کہا ہے کہ انتخابی اقدامات اور عمل کی ساکھ پر پارٹی صدر کی تنقید سے ووٹروں کے شراکت داری پر منفی اثرات پڑسکتے ہیں۔کمیشن نے کانگریس صدر کو مشورہ دیا ہے کہ وہ احتیاط برتیں اور اِس طرح کے بیانات سے گریز کریں۔x

## Chhattisgarh 12 Maosits Killed

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں آج سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں 12 ماؤنواز مارے گئے ہیں۔ ہلاک شدہ ماؤنوازوں کی لاشیں جائے واقعہ سے برآمد کر لی گئی ہیں۔ نیز پولیس اہلکاروں کے مطابق Gangal Pur علاقے میں Pedia گاؤں کے نزدیک ایک جنگل میں ماؤنوازوں کے ساتھ یہ جھڑپ اُس وقت ہوئی جب District Reserve گارڈ اور اسپیشل ٹاسک فورس کی مشترکہ ٹیم اس علاقے میں تلاش کی کارروائی کر رہی تھی۔ 4 گھنٹے تک جاری رہی اس جھڑپ میں 12 ماؤنوازوں کی لاشوں کے علاوہ بھاری مقدار میں ہتھیار اور گولہ بارود برآمد ہوئے ہیں۔ اِس جھڑپ میں دو سکیورٹی اہلکار بھی زخمی ہوئے ہیں۔x

## Rev Kejriwal

دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کو سپریم کورٹ کی طرف سے عبوری ضمانت ملنے کے بعد یکم جون تک کے لیے آج تہاڑ جیل سے رہا کر دیا گیا ہے۔
عدالت عظمی نے عام آدمی پارٹی کے لیڈر سے کہا ہے کہ وہ 7 مرحلوں میں ہو رہے لوک سبھا انتخابات کے ایک دن بعد دو جون کو خود سپردگی کر دیں۔
جناب کجریوال نے لوک سبھا انتخابات کے لیے مہم چلانے کی غرض سے جیل سے رہائی کا مطالبہ کیا تھا۔ سپریم کورٹ نے ان کی گرفتاری میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے برتی گئی تاخیر کی بھی نشاندہی کی ہے۔ جسٹس سنجیو کھنہ اور دیپانکر دتہ پر مشتمل ایک بنچ نے کہا کہ مرکزی تحقیقاتی ایجنسی نے اروند کجریوال کے خلاف اگست 2022 میں انفورسمنٹ کیس انفارمیشن

رپورٹ درج کی تھی لیکن انہیں اِس سال 21 مارچ کو گرفتار کیا۔ ضمانت کی موجودہ صورت میں جناب کجریوال وزیر اعلیٰ کے دفتر اور دلی سکریٹریٹ نہیں جائیں گے، وہ سرکاری فائلوں پر دستخط بھی نہیں کر سکیں گے، یہاں تک کہ لیفٹیننٹ گورنر کی منظوری یا کلیئرنس کے لیے ایسا کرنا ناگزیر ہو۔
جناب کجریوال موجودہ معاملے میں اپنے رول کے بارے میں بھی کوئی تبصرہ نہیں کریں گے نہ ہی کسی گواہ سے بات چیت کریں گے اور نہ ہی اس معاملے سے متعلق کی سرکاری فائل تک رسائی حاصل کریں گے۔x

## Prez Nbems

میڈیکل سے متعلق ہنگامی صورتحال میں Golden Hour کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ اس اہم گھڑی کے دوران اگر مریضوں کو علاج مہیا کرایا جائے تو اُن کی زندگی بچائی جاسکتی ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیکل سائنسز میں نیشنل بورڈ آف ایگزامینیشن کے 22ویں جلسہئ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کو نہایت ضرورتمند مریضوں کے تئیں حساس ہونا چاہئے۔ اور انھیں ایمرجنسی مریض کو یہ کبھی نہیں کہنا چاہئے کہ وہ علاج کیلئے کہیں اور جائیں۔ اِس کہاوت کا حوالہ دیتے ہوئے کہ انصاف میں تاخیر، انصاف سے محروم کرنا ہے، صدر مرمو نے اس بات پر زور دیا کہ حفظان صحت کے شعبے میں وقت کی بہت زیادہ اہمیت ہے کیونکہ علاج میں تاخیر سے جان جاسکتی ہے۔
صدر جمہوریہ نے ڈاکٹروں سے زور دے کر کہا کہ وہ تیزی سے علاج اور کم خرچ علاج کی جانب توجہ دیں۔ انھوں نے کہا کہ ملک کی بڑی آبادی کے پیش نظر ڈاکٹروں کی دستیابی میں مسلسل اضافہ کئے جانے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی ڈاکٹروں نے عالمی سطح پر اپنا نام پیدا کیا ہے اور قابل استطاعت علاج کی وجہ سے بھارت طبی سیاحت کا ایک بڑا مرکز بن گیا ہے۔X

## DoT-Cyber Crime

ٹیلی مواصلات کے محکمے نے ٹیلی خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ پورے بھارت میں اُن 28 ہزار 200 موبائل ہینڈ سیٹس کو بلاک کردیں جن کا سائبر جرائم میں استعمال کیا گیا ہے۔ اس نے یہ بھی ہدایت دی ہے کہ موبائل ہینڈ سیٹس سے وابستہ 20 لاکھ موبائل کنکشن کی فوری دوبارہ تصدیق کی جائے اور دوبارہ تصدیق نہ ہونے کی صورت میں اُنھیں بند کردیا جائے گا۔ امورِ داخلہ کی وزارت اور ریاستی پولیس نے ایک تجزیے میں یہ پایا کہ اِن موبائل ہینڈ سیٹس کا سائبر جرائم میں استعمال کیا گیا ہے۔ مواصلات کی وزارت نے کہا ہے کہ مواصلات کے محکمے، امورِداخلہ کی وزارت اور ریاستی پولیس کی اِس مشترکہ کوشش سے دھوکہ دہی کے نیٹ ورکس کا خاتمہ ہوگا اور ڈیجیٹل خطرات سے شہریوں کی حفاظت ہوگی۔X

## ISO ACT

انٹر سروسز آرگنائزیشنز (کمان، کنٹرول اور ڈسیپلن) ایکٹ کو آج نوٹیفائی کردیا گیا ہے۔ اس بل کو گذشتہ برس مانسون اجلاس کے دوران پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں نے منظوری دی تھی تاکہ انٹر سروسز آرگنائزیشنز کے موثر کمان، کنٹرول اور کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یہ ایکٹ انٹر سروسز آرگنائزیشنز کے کمانڈرس اِن چیف اور آفیسر اِن کمانڈ کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ بہتر ڈسیپلن اور انتظام کیلئے سروس اہلکاروں پر کنٹرول رکھ سکیں۔ وزارت نے کہا ہے کہ یہ مسلح افواج کے اہلکاروں کے درمیان زیادہ انضمام اور ربط کی جانب ایک قدم ہوگا۔X

## Dr Dabhalikar Murder Case

پُنے میں، غیرقانونی کارروائیوں کی روک تھام سے متعلق قانون UAPA کی ایک خصوصی عدالت نے مشہور عقلیت پسند ڈاکٹر نریندر ڈابھولکر قتل کیس میں آج سچن Andure اور Sharad Kalaskar کو قصوروار قرار دیا ہے اور عمرقید کی سزا سنائی ہے۔ ثبوت کی کمی کی وجہ سے تین دوسرے لوگوں کو بری کر دیا گیا۔ توہم پرستی کے خلاف کام کرنے والے دابھولکر کو 20 اگست 2013 میں پُنے میں ہلاک کر دیا گیا تھا۔ ایڈیشنل سیشن جج PP Jadhav نے کہا کہ استغاثہ نے Andure اور Kalaskar کے خلاف قتل اور سازش کے کے الزامات کو ثابت کیا اور اُن پر عمرقید کی سزا اور پانچ لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔×

## NIA Karnataka

قومی تفتیشی ایجنسی NIA نے 2022 میں کرناٹک میں BJP کارکن پروین Nettaru کے قتل کیس میں ایک اہم مفرور اور اُس کو پناہ دینے والے شخص کو گرفتار کیا ہے۔ NIA نے مصطفی Paichar کو گرفتار کیا ہے جو ممنوعہ تنظیم پاپولر فرنٹ آف انڈیا سے منسلک تھا۔ مصطفی، جس کے سر پر سات لاکھ روپے کا انعام اور جس کے خلاف غیرضمانتی وارنٹ جاری کیے گئے تھے، اِس کیس میں گرفتار کیا گیا دوسرا مفرور ملزم ہے۔ NIA نے مفرور ملزموں کے خلاف تلاش کی کارروائی شروع کی تھی اور آج اُسے کرناٹک کے ہاسن ضلعے کے Anemahal گاؤں سے مصطفی Paichar کا پتہ لگانے میں کامیابی ملی۔ اُسے منصور پاشا کے ساتھ گرفتار کیا گیا ہے۔ NIA کی تفتیش میں انکشاف ہوا ہے کہ دکشن کنّڑا ضلعے کے Sullia گاؤں کا رہنے والا مصطفی، PFI کے Puttur ضلع سروس ٹیم کا سکریٹری تھا۔ دوسرے مفرور ملزموں کا پتہ لگانے کے لیے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔×

## IPL Cricket Toss

IPL کرکٹ میں چنئی سپرکنگس اور گجرات ٹائٹنس کے درمیان جاری میچ میں گجرات ٹائٹنس نے چنئی سپر کنگس کی جیت کے لیے 232 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ اس سے پہلے گجرات ٹائٹنس کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 3 وکٹ پر 231 رن بنائے۔

چنئی سپر کنگز نے ٹاس جیت کر گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اگر چنئی سپرکنگز آج یہ میچ جیت جاتی ہے تو Play-off میں پہنچنے کی اس کی امید برقرار رہے گی۔ لیکن اگر گجرات جیت جاتی ہے تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔x

## India Moldova Passport

بھارت اور Moldova نے آج نئی دلی میں سفارتکاری اور سرکاری پاسپورٹ کے لیے ویزا کو ختم کرنے سے متعلق ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ اِس سمجھوتے سے دونوں ملکوں کے سفارتکاری اور سرکاری پاسپورٹ رکھنے والے اہلکار بغیر ویزا کے ایک دوسرے کے ملک میں آ - جا سکیں گے۔ وزارت خارجہ میں مغربی امور کے سکریٹری پون کپور اور Moldova کے سفیر Ana Taban نے اس سمجھوتے پر دستخط کیے۔×

*******